www.KitaboSunnat.com

حجاج کرام کے لئے
رہنما اصول

طباعت واشاعت
وزارت اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد
مملکت سعودی عرب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

وزارت اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد کی شائع کردہ

حجاج کرام کے لئے رہنما اصول

وزارت کے شعبہ مطبوعات ونشر کے زیر نگرانی طبع شدہ

۱۴۱۸ھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ارشاد باری تعالیٰ ہے :

﴿الحَجُّ أشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الحَجَّ فَلا رَفَثَ وَلاَ فُسُوقَ وَلاَ جِدَالَ في الحَجِّ﴾ البقرہ آیت ۱۹۷

حج کے مہینے مقرر ہیں اس لئے جو شخص ان میں حج لازم کرلے وہ بیوی سے میل ملاپ کرنے ، اور لڑائی جھگڑے کرنے سے بچتا رہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

(مَنْ حَجّ البيت فَلَمْ يَرْفثْ ولَمْ يفسقْ رَجَع مِنْ ذنوبه كيومٍ وَلَدتْه أمه) حديث.

جس شخص نے حج کیا اور اس میں کوئی بے حیائی اور فسق وفجور نہیں کیا وہ گناہوں سے اس دن کی طرح پاک لوٹتا ہے جس دن اس کی ماں نے اس کو جنا ہو۔

المكتبة الرحمانية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مقدمہ

عزت مآب وزیر اسلامی امور ڈاکٹر عبداللہ عبدالمحسن ترکی کے قلم سے

تمام تر تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں اور درود وسلام ہوں ہمارے نبی کریم پر اور ان کی اولاد اور ان کے صحابہ وتابعین پر۔

مملکت سعودی عرب ہر سال لاکھوں کی تعداد میں باہر سے آنے والے حجاج اور لاکھوں داخلی حجاج کا اپنی پوری مادی اور بشری قوتیں بروئے کار لاتے ہوئے استقبال کرتی ہے۔ اور اس سلسلے میں اپنی تمام تر مادی وبشری توانائیاں بروئے کار لاتی ہے کہ منظم انداز میں حجاج بیت اللہ کی خدمت کرسکے، اور ان کی رہائش ونقل وحمل کو آسان بناسکے، نیز دیگر سہولیات بھی ایک محدود وقت اور مخصوص جگہ میں مہیا کرسکے۔ اور اس مملکت سے اللہ تعالیٰ کی مدد وتوفیق ہی کا نتیجہ ہے کہ یہ اتنے بڑے اجتماع کے معاملات چلاتی ہے جس کی مثال ساری دنیا میں ملنا مشکل ہے۔ جب کہ اس قسم کی خدمات بڑی بڑی حکومتیں بھی نہیں کرسکتیں۔ اور یہ بات بھی اپنی جگہ اہمیت کی حامل ہے کہ ایک محدود مکانیت اور متعین وقت میں لاکھوں افراد کے امور چلانا، اور ان کی رہنمائی کرنا اور ان کی نقل وحمل کو منظم کرنا، اور ان کے لئے حج کی ادائیگی کو آسان کرنا اس ملک کے لئے اسی وقت ممکن ہوا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ایسے اسباب ووسائل اپنی مدد اور توفیق سے مہیا فرمائے ہیں، اور تبھی ہم بھی اس عظیم اہمیت والے کام کو سرانجام دے رہے ہیں جو ہر سال ہوتے ہیں۔

وزارت اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد اس حکومتی ڈھانچہ کا حصہ ہے جو حج کے امور میں ہر سال شریک رہتا ہے، چنانچہ ہماری وزارت "تربیت اسلامی برائے حج" کی بھی ذمہ دار ہے اس لئے سینکڑوں مبلغین کو مکہ اور دیگر مقدس مقامات اور بری وبحری اور ہوائی راستوں سے آنے والے حجاج کے کیمپوں میں متعین کیا جاتا ہے۔ اور اسی طرح یہ وزارت ہی تمام میقاتوں کی-جہاں پر حجاج احرام باندھتے ہیں - مسئول ہے۔ اہل مدینہ اور اس طرف سے آنے والوں کے لئے "ذوالحلیفہ" کی میقات ہے جبکہ "الجحفہ" اہل شام ومصر اور مغرب اور جو اس طرف سے آئے، ان کے لئے ہے۔ اسی طرح "یلملم" اہل یمن اور اس جانب سے (پاکستان، ہندوستان، افغانستان، سری لنکا وغیرہ) آنے والوں کی میقات ہے۔ اور "ذات عرق" اہل مشرق کی میقات ہے۔

اور یہی وزارت ان میقاتوں پر موجود مساجد کی بھی ذمہ دار ہے۔ ان جگہوں پر یہی مختلف طلبہ کو متعین کرتی ہے تاکہ وہ حجاج کرام کی دینی رہنمائی کرسکیں، اور حجاج صحیح شرعی طریقے سے حج ادا کرسکیں، تاکہ حج کے احکام کے سلسلے میں ان سے مسائل بھی پوچھ سکیں۔ اسی طرح یہ وزارت عرفات ومزدلفہ اور منیٰ کی مساجد کے امور کی بھی ذمہ دار ہے۔

قارئین کرام ! ان معاملات کی اہمیت کا اندازہ وزارت اسلامی امور کی گراں قدر خدمات سے ہوتا ہے جو حج سے پہلے اور حج کے دوران اسی طرح حج کے بعد انجام دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حکومت کی مدد فرمائے، جو اس وزارت کو خاص اہمیت دیتی ہے اور اس سلسلے میں ہر ممکنہ ذریعے سے اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی مدد کرتی ہے تاکہ یہ اپنے معاملات اور اختیارات کو استعمال کرسکے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہی سب کی مدد واعانت اور توفیق پر قادر ہے اور وہی بہترین، آسان اور زیادہ نفع بخش اور تعریف کے لائق کاموں کی رہنمائی کرنے والا ہے۔

اس سال وزارت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ حجاج کے لئے "رہنما اصول" شائع کرے جس میں حجاج کرام کے لئے حج سے متعلق معلومات اور وزارت کے تفصیلی پروگرام اور اس کے دیگر وہ کام جو میقات اور منیٰ وعرفات میں وزارت سرانجام دیتی ہے - کی تفصیل جو حجاج کے لئے مفید ہوسکتی ہے - درج کردی جائے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اسے حج کے دوران مختلف زبانوں میں شائع کرکے تقسیم کریں گے۔

میں اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ہمارا یہ کام اس کی خالص رضا کے حصول کا ذریعہ بنے، اور امید کی جاتی ہے کہ اس "رہنما اصول" کی حج کے ماحول میں اچھی افادیت رہے گی۔

وباللہ التوفیق

وزیر اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وزارت کا تعارف

سعودی عرب پر اللہ رب العزت کا کرم ہے کہ اس نے اسے یہ توفیق بخشی کہ وہ مسلمانوں کی خدمت کی ذمہ داری اٹھائے ہوئے ہے ، اور اپنی اس ذمہ داری کو یقینی بنانے کے لئے شاہی فرمان نمبر ۱ / ۴ مورخہ ۲۰ / ۱ / ۱۴۱۴ھ کے ذریعے وزارت اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد کی تاسیس ہوئی تاکہ یہ وزارت تمام مذہبی ودعوتی اور اوقاف سے متعلقہ امور کو چلاسکے۔ وزارت مندرجہ ذیل شعبوں پر مشتمل ہے۔

۱۔ وکالت برائے امور مساجد ودعوت وارشاد :

یہ شعبہ مساجد کی تعمیر وترقی ودیکھ بھال اور وہاں متعلقہ افراد کی تعیناتی کے ساتھ ساتھ عیدگاہوں کی دیکھ بھال اور ان کی ضروریات کی فراہمی کی ذمہ دار ہے، اسی طرح اسلامی دعوت وتربیت کا بھی ذمہ دار ہے خواہ ملک کے اندر ہو یا ملک سے باہر، مبلغین کی رہنمائی کرنا، ان کو مختلف موضوعات پر لیکچرز تیار کرنے کی ہدایات دینا اور پھر دعوتی سینٹر میں ان لیکچروں کا اہتمام بھی اسی شعبہ کی ذمہ داری ہے ، اسی طرح حفظ قرآن کے مدارس اور ائمہ مساجد وخطیب حضرات کے معاھد کی بھی یہی وکالت نگراں وذمہ دار ہے۔

۲۔ شعبہ برائے امور اوقاف :

یہ شعبہ تمام منقولہ وغیر منقولہ اوقاف کی حفاظت ونگرانی اور اس کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آمدنی وخرچ اور وقف کرنے والوں کی شرائط کے مطابق اس کی آمدنی کو نیکی اور بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنے، اور اس کا مکمل ریکارڈ رکھنے اور ان کی تعمیر وترقی اور قانونی ملکیت کی دستاویزات اور شرعی اصول وضوابط کے مطابق وقف کی دستاویزات کا مکمل ریکارڈ رکھنا اس شعبہ کی ذمہ داری ہے۔

۳۔ وکالت برائے اسلامی امور :

یہ شعبہ دینی امور کا ذمہ دار ہے اور سعودیہ سے باہر بسنے والے مسلمانوں کے فکری اور عملی معیار کو بلند کرنے کا ذمہ دار ہے اور اس سلسلے میں ان کی مدد وتعاون کا بھی اہتمام کرتا ہے تاکہ وہ اپنے دینی واجبات کو بخوبی ادا کرسکیں، اس کے علاوہ یہ شعبہ اس چیز کا بھی اہتمام کرتا ہے کہ مسلمانوں کو جن منحرف تحریکوں اور فاسد اور گمراہ کن افکار کا چیلنج ہے اس کا ڈٹ کر مقابلہ کرے اور ان کے فاسد اثرات سے مسلمانوں کو محفوظ رکھنے کی بھرپور کوشش کرے۔

۴۔ وکالت برائے امور طباعت واشاعت :

یہ شعبہ دینی لٹریچر کی تیاری اور اسے پھیلانے کے علاوہ دعوت کے سلسلے میں دیگر مفید رسائل کے استخدام کا بھی ذمہ دار ہے، اس شعبہ کی ذمہ داریوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ مسلمانوں کی ذہنی تربیت کرے نیز دینی علوم کو بطور خاص دیگر زبانوں میں ترجمہ کرکے پھیلانے کا اہتمام کرے جو دعوت و تبلیغ میں ممد ومعاون ثابت ہو۔

وزارت کا امدادی ادارہ اس کے تمام شعبوں کو فنی اور اداری امداد فراہم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کرنے کا ذمہ دار ہے جن میں سرفہرست "ادارہ برائے امور مالی اور اداری" ہے اس کا کام وزارت کے تمام سیکٹروں کو مالی اور اداری امداد فراہم کرنا ہے۔ اس شعبہ کی ذمہ داریوں میں سے پروگراموں کی منصوبہ بندی کرنا اور مختلف اداروں کی ترقی وترویج کرنا بھی ہے تاکہ ان کا رزلٹ معیاری اور فائدہ بخش نکلے۔ اسی طرح اس کی ذمہ داریوں میں وزارت کے سالانہ بجٹ کی تیاری بھی شامل ہے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب میں وزارت کے تیرہ برانچ آفس یا ادارہ ہائے اوقاف ومساجد ہیں جو وزارت کے دیئے گئے اختیارات کے مطابق اپنی اپنی ذمہ داریاں بجالاتے ہیں۔

وزارت کی ذمہ داریوں میں منی، مزدلفہ، عرفات اور میقات کی مساجد اور وہاں کی دیگر عمارتوں کی نگرانی کرنا بھی ہے۔ حج میں اسلامی فکر وتربیت کا سکریٹریٹ بھی اس وزارت کے تابع ہے جو ہر سال حج میں حجاج کرام اور معتمرین کی رہنمائی کرتا ہے۔ اور دینی معاملات کے علاوہ حج وعمرے کے احکام سے بھی آگاہ کرتا ہے۔ سعودیہ کی بری سرحدوں، ہوائی اڈوں اور بندرگاہوں کے علاوہ مکہ ومدینہ میں، منیٰ وعرفات میں اور حجاج کی رہائش گاہوں میں دینی معاملات اور حج وعمرے کے احکام سے بھی آگاہ کرتا ہے اور یہ سلسلہ ان کے یہاں سے چلے جانے تک قائم رہتا ہے۔

حج کے ایام میں اس سکریٹریٹ کی کوششیں کئی گنا بڑھ جاتی ہیں اور یہ اپنے دعوتی پروگراموں کی تکمیل کے لئے بہت سے ماہر مبلغین کی خدمات بھی حاصل کرتا ہے، اس کے علاوہ ان مختلف ممالک کے طلبہ کی بھی خدمات حاصل کرتا ہے جو یہاں کی مختلف یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں تاکہ یہ اپنے ترجمے کے ذریعے مبلغین کی گفتگو حجاج کرام تک پہنچاسکیں۔ وزارت اسلامی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

امور موسم حج میں مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے ترجمے اور کتابیں بھی حجاج کرام میں تقسیم کرتی ہے جو حج اور عمرے کے احکام سے متعلق ہوتی ہیں، اس طرح مختلف نشریاتی پروگراموں کا بھی انعقاد کرتی ہے اس کے علاوہ حاجی کیمپوں اور سرحدوں پر بھی اپنے دعوتی مراکز قائم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ حجاج کرام کو مسائل حج سکھانے اور بتانے کے لئے گشتی پارٹیاں بھی تشکیل دی جاتی ہیں جو منٰی وعرفات اور مزدلفہ میں گشت کرکے لوگوں کو حج کی تعلیم دیتی ہیں اور ان کے سوالات اور استفسارات کا جواب دیتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ وزارت ان کے درمیان مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے نسخے اور مشہور قراء کرام کے قرات کے کیسٹس بھی تقسیم کرتی ہے اور مختلف اسلامی ممالک، اسلامی اقلیات، تحفیظ قرآن کے مراکز کی ضرورت کے مطابق انھیں بھی یہ اصدارات بھیجتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اول :

دوران حج وزارت کے پروگرام

وزارت حجاج کی تربیت ورہنمائی کے لئے کافی تعداد میں مختلف پروگرام پیش کرتی ہے تاکہ حجاج کی حج کے ایام میں درست رہنمائی ہو سکے، ان میں سے بعض پروگرام درج ذیل ہیں :

الف - دوران حج اسلامی تربیت کے پروگرام

دوران حج اسلامی تربیت کا سکریٹریٹ، سرحدوں، ہوائی اڈوں، بندرگاہوں، میقاتوں اورر مسجدوں کے علاوہ منیٰ ومزدلفہ وعرفات میں تربیت ورہنمائی کے مراکز قائم کئے جاتے ہیں، جہاں پر بعض چیدہ علماء کرام کو متعین کیا جاتا ہے اور یہ علماء یکم ذی القعدہ سے تیرہ ذی الحجہ تک حجاج کی تربیت ورہنمائی کے فرائض انجام دیتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱- مکہ میں داخلے کی جگھوں پر تربیتی مراکز :

مکہ میں داخلے کی (۹) جگھوں پر تربیتی مراکز قائم کئے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے :

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۱ - مدخل الطوال ۲ - مدخل الخضراء ۳ - مدخل البطحاء ۴ - مدخل سلوالی ۵ - مدخل الرقعی ٦ - مدخل الجدیدہ ۷ - مدخل حالہ عمار ۸ - خشکی کے راستے سے آنیوالوں کا حاجی کیمپ ۹ - جدہ میں بحری راستوں سے آنے والوں کا حاجی کیمپ ۔

۲ - میقاتوں پر تربیتی مراکز :

پانچ تربیتی مراکز پانچ مختلف میقاتوں پر قائم کئے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے :

میقات یلملم، میقات وادی السیل (قرن المنازل)، میقات وادی محرم، میقات الجحفہ، میقات ذی الحلیفہ ۔

۳ - مساجد میں تربیتی مراکز :

مساجد میں تربیتی مراکز کی تعداد نو ہے جن میں سے دو مکہ میں (مسجد التنعیم و مسجد الجعرانہ) اور سات مدینہ منورہ کی مختلف مساجد میں قائم ہیں (قبا، باب السلام، الداوٗدیہ، باب المجیدی، القبلتین، الاجابہ، سید الشہداء)

۴ - تربیتی مراکز برائے مشاعر :

ان کی تعداد تینتیس ہے۔ اٹھائیس مراکز منیٰ میں، آٹھ سے تیرہ ذی الحجہ تک کے لئے اور پانچ مراکز عرفات میں نو ذی الحجہ کو وقوف عرفات کے دوران قائم کئے گئے ہیں۔ ان مراکز کے محل وقوع اور ان کے پروگرام سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آگہی کے لئے حج میں اسلامی تربیت کے سکریٹریٹ سے مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کیجئے۔

مکہ مکرمہ	۵۵۷۱۷۷۲ پانچ لائنیں	فیکس ۵۵۸۳۵۲۴
ڈائریکٹ فون	۵۵٦۱۰۳۳	
منیٰ ایکس چینج برائے ادارہ تربیتی مراکز		۵۵۷۳٦۰۰ - ۵۵٦٦۷۷۳
		۵۵۷۲۵۳۱ - ۵۵٦٦۴۹۱
نگراں ادارہ		۵۵٦۴٦۱۰

ب۔ پروگرام برائے نشرواشاعت

وزارت نے موسم حج میں نشرواشاعت کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ایک مستقل ورکنگ ٹیم تشکیل دی ہے جس میں ٹی وی اور پریس کے ذریعے پیش کئے جانے والے پروگرام شامل ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دوئم :

میقات و اماکن مقدسہ پر مساجد

وزارت ان تمام مساجد جو میقاتوں اور مقدس مقامات پر موجود ہیں، کی دیکھ بھال کی ذمہ دار ہے جب کہ حج کے ایام میں ان مساجد کو خصوصی اہمیت حاصل رہتی ہے تاکہ اللہ تعالی کے مہمانوں کی خدمت کی جاسکے۔ لہذا ان مساجد میں مؤذنوں اور ائمہ کرام کو متعین کیا جاتا ہے اور ان میں قالینوں اور شاہ فہد کمپلیکس کے چھپے ہوئے قرآن پاک کے نسخوں کی وافر مقدار پہنچادی جاتی ہے اور اسی طرح ان کی صفائی کے لئے بھی خصوصی انتظامات کئے جاتے ہیں۔

دوسری طرف ان مساجد میں حج کی تربیت اور رہنمائی اور صحیح طریقے سے حجاج کی آگہی کے لئے بھی منظم انداز میں کام کیا جاتا ہے۔

اسی طرح وزارت میقاتوں پر مساجد کا مکمل نظم ونسق اور ان کی تمام تر ضروریات کو پورا کرنے کی مجاز ہے۔

(ا) مساجد برائے مواقیت :

میقاتوں پر سات مساجد ہیں ان کی تفصیل درج ذیل ہے :

۱- مسجد برائے میقات سیل کبیر۔ قرن منازل : یہ مکہ سے تقریبا ۷۵ کلومیٹر کے فاصلہ پر مکہ، طائف روڈ پر واقع ہے۔ سیل کبیر ان لوگوں کی میقات ہے جو نجد اور مشرق کی جانب سے ریاض، طائف روڈ سے مکہ آتے ہیں اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان کے علاوہ جو کوئی بھی اس علاقہ سے گزر کر آئے۔

۲ - مسجد برائے میقات وادی محرم : یہ میقات مکہ، طائف "کرا روڈ" پر مکہ سے تقریبا ستر کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ یہ بھی اصل نجد اور مشرق کی جانب سے آنیوالوں کی میقات ہے۔

۳ - مسجد برائے میقات جحفہ : یہ مسجد رابغ شہر کی بندرگاہ سے تقریبا ۱۵ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور اہل شام، فلسطین، مصر، اور سعودیہ کے شمال سے آنے والوں کے لئے ہے جو مدینہ منورہ میں داخل ہوئے بغیر ہی مکہ چلے جاتے ہیں۔

۴ - مسجد برائے میقات ذی الحلیفہ : یہ جگہ ابیار علی کے نام سے مشہور ہے۔ اور یہ اہل مدینہ وشام اور جزیرہ عربیہ کے مشرق سے آنے والوں کی میقات ہے جو مدینہ منورہ کے جنوب مغرب میں ۱۰ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

۵ - مسجد برائے میقات یلملم : یہ میقات مکہ - لیث روڈ پر مکہ سے تقریبا ۹۵ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اب موجودہ مسجد اس جگہ کی سیدھ میں سڑک سے قریب بنائی گئی ہے تاکہ حجاج کو آسانی رہے، یہ یمن، اور جنوبی سعودیہ کے لوگوں کے لئے ہے۔

۶ - مسجد ذات عرق : یہ اہل عراق اور اس راستہ سے آنے والوں کی میقات ہے۔

اس کے علاوہ بھی دو مسجدیں ہیں جو حرم کی حدود سے باہر (حل) میں ہیں۔ مکہ والے یہاں سے عمرے کا احرام باندھتے ہیں۔

۱ - مسجد جعرانہ : یہ مکہ کے مشرق میں حرم سے تقریبا ۲۲ کلو میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔

۲ - مسجد التنعیم : یہ مسجد عائشہ کے نام سے مشہور ہے اور یہ اس جگہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بنائی گئی ہے۔جہاں حجۃ الوداع کے موقع پر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے انھیں عمرے کے احرام کے لئے بھیجا تھا۔

یہ مسجد مکہ - مدینہ روڈ پر جو طریق الھجرۃ سے بھی معروف ہے خانہ کعبہ سے ساڑھے سات کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ مسجد مکہ کی خاص خاص عمارتوں میں سے ایک ہے جو اپنی تعمیر اور ڈیزائن کے اعتبار سے منفرد ہے۔

(ب) مساجد برائے مشاعر مقدسہ :

ان مساجد کی تعداد چار ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے :

۱ - مسجد نمرہ عرفات : یہ مسجد عرفات کے میدان میں واقع ہے جو سڑک نمبر (۴) و (۵) کے درمیان واقع ہے جو عرفات سے مکہ کو جاتی ہیں۔

یہ مسجد اسی جگہ بنائی گئی ہے۔جہاں پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیا تھا اور نماز ظہر وعصر دو دو رکعت کر کے ایک ساتھ ہی باجماعت پڑھائی تھیں۔

اس مسجد میں تقریبا دولاکھ اڑتالیس ہزار نمازیوں کی گنجائش پائی جاتی ہے۔ جب کہ وزارت نے مسجد کے اندر اگلے حصے میں ایسے بورڈ مختلف زبانوں میں نصب کئے ہین جن سے وادی عرنہ کی حدود کی نشان دہی ہوتی ہے، اس لئے کہ یہ حصہ عرفات کی حدود سے باہر ہے اور اس حصے میں وقوف عرفات درست نہیں۔ اس کے علاوہ سبز رنگ کی بتیاں بھی بعض ستونوں پر لگائی گئی ہیں جو مسجد کے اس حصے کی نشان دہی کرتی ہیں جو عرفات کی حدود سے خارج ہے۔

۲ - مسجد خیف منٰی : یہ مسجد منٰی میں جنوب کی جانب واقع ہے۔ اگر آپ مزدلفہ سے منٰی کو آئیں تو جمرات کے قریب بائیں جانب بڑی مسجد نظر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آئے گی۔ اس میں تقریباً ۵۱۴۷۸ نمازیوں کی گنجائش موجود ہے۔

۳ - مسجد حجاج البر منیٰ : یہ مسجد بھی منیٰ ہی میں شمال کی جانب، ملک عبدالعزیز رحمہ اللہ، پل کے قریب واقع ہے یہ پل معیصم جانے والی سرنگوں تک لے جاتا ہے۔

اس مسجد کا رقبہ ۷۴۷۰ مربع میٹر ہے جب کہ اس میں ۱۴۹۴۰ نمازیوں کی گنجائش ہے۔ اس مسجد کے دو حصے ہیں۔ ایک حصے پر چھت ہے اور دوسرا کھلا صحن، جس کے ارد گرد باڑ لگی ہوئی ہے۔

۴ - مسجد مشعر حرام مزدلفہ : یہ مسجد اس راستے پر واقع ہے جو عرفات سے پیدل چل کر آنے والے حجاج کے لئے بنایا گیا ہے۔ اس مسجد میں تقریباً ۱۱۵۸۰ نمازیوں کی گنجائش موجود ہے۔

* ان تمام مساجد کے ساتھ چاہے وہ مواقیت کی ہوں یا مشاعر کی ہوں وضو خانوں اور غسل خانوں کے لئے علیحدہ جگہ مخصوص کی گئی ہے جو مردوں اور عورتوں کے لئے علیحدہ علیحدہ ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سوئم :

شاہ فہد قرآن پبلشنگ کمپلیکس

کمپلیکس ایک نظر میں :

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کی حفاظت اور اس کو ہر طرح کے تغیر و تبدل سے پاک رکھنے کی ذمہ داری خود سنبھالی ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے :

" **إنا نحن نزلنا الذكر وإنا له لحفظون** " (سورہ الحجر، آیت : ۹)

"بے شک ہم نے ہی اس ذکر (قرآن کریم) کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

ہر زمانہ میں اللہ رب العزت ایسے لوگ پیدا کرتا رہا ہے جو اس کی لکھائی اور حفاظت کا اہتمام کرتے رہے ہیں۔

آج چونکہ عالم اسلام میں قرآن کریم کی طلب روز بروز بڑھتی جارہی ہے لہذا سعودی عرب جس کی قیادت خادم حرمین شریفین فرمارہے ہیں (اللہ ان کی تائید فرمائے) نے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری نبھانے کی خاطر مدینہ منورہ میں قرآن کمپلیکس کا سنگ بنیاد ۱۶ محرم الحرام ۱۴۰۳ ھ کو رکھا جب کہ یادگار تختی کی نقاب کشائی خادم حرمین شریفین نے صفر ۱۴۰۵ھ کو کمپلیکس کے افتتاح کے موقع پر فرمائی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کمپلیکس کا رقبہ:

کمپلیکس کا کل رقبہ ۲۵۰۰۰۰ مربع میٹر ہے جو تبوک ہائی وے پر واقع ہے جب کہ اس کی عمارت اپنی جگہ تعمیراتی شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس میں مختلف دوسری عمارتیں بھی شامل ہیں، جن میں ادارہ، جانچ پڑتال، اس کا پریس ، بازار، نقل وحمل، رہائشی کوارٹرز کے علاوہ مسجد، ڈسپنسری، لائبریری اور ریسٹورنٹ کی عمارتیں ہیں۔

کمپلیکس کی غرض وغایت:

شاہ فہد کمپلیکس صرف اس لئے بنایا گیا ہے کہ یہاں پہ اللہ کی کتاب اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی خدمت ہو اور اس سلسلے میں مسلمانوں کی ضروریات کو پورا کیا جائے لہذا یہاں پر اس کے بعض اغراض ومقاصد کا ذکر کیا جاتا ہے۔

۱ - قرآن کریم کی دقیق واحسن انداز میں چھپائی۔
۲ - مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے ترجموں کی چھپائی۔
۳ - بعض بڑے اور مشہور قاریوں کی آواز میں قرآن مجید کی تلاوت کی رکارڈنگ۔
۴ - سنت اور سیرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اور تحقیق : اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

غرض کے لئے سیرت وحدیث سے متعلقہ پرانے قلمی نسخوں، نایاب کتابوں اور متعلقہ دستاویز کو حاصل کر کے ان کی حفاظت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف تحقیقی مقالوں اور انسائیکلوپیڈیا کی تیاری بھی کی جارہی ہے۔

۵ - حرمین شریفین اور دیگر مساجد کے علاوہ عالم اسلامی میں قرآن پاک کی جہاں کہیں بھی ضرورت ہو پورا کیا جاتا ہے۔

۶ - قرآن پاک وسنت وسیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق تحقیقی مقالوں کو نشر کیا جاتا ہے۔

قرآن کمپلیکس کی پیداوار:

کمپلیکس کی سالانہ پیداوار گیارہ ملین نسخے ہے جب کہ اس کے افتتاح سے ۱۴۱۸ کے وسط تک ایک سو بیس ملین سے زیادہ قرآن کریم کے ۶۰ مختلف طرز کے نسخے چھپ کر تقسیم ہوچکے ہیں۔ اس سلسلے میں لوگوں کی ضرورت اور طلب اور خصوصا حرمین شریفین کی طلب کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سعودی عرب کی تمام مساجد وحفظ قرآن کریم کے مدرسوں اور مسلمان ممالک کے علاوہ پوری دنیا میں مسلم اقلیتی علاقوں مین یہ قرآن کریم تقسیم کئے جاتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

کمپلیکس سے رابطے کے پتے :

ڈاک کا پتہ : سکریٹریٹ برائے کمپلیکس
ص - ب - ۶۲۶۲ مدینہ منورہ
ٹیلیفون نمبر : ۸۴۷۳۲۹۵ - ۸۴۷۱۶۰۵
فیکس : ۸۴۷۵۶۶۴ - ۸۴۶۰۵۵۴ - ۸۴۷۰۳۳۸

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

کمپلیکس سے رابطے کے پتے :

ڈاک کا پتہ : سکریٹریٹ برائے کمپلیکس
ص - ب - ۶۲۶۲ مدینہ منورہ
ٹیلیفون نمبر : ۸۴۷۳۲۹۵ - ۸۴۷۱۶۰۵
فیکس : ۸۴۷۵۶۶۴ - ۸۴۶۰۵۵۴ - ۸۴۷۰۳۳۸

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

شاہ فہد کا حرمین شریفین کے لئے توسیعی کام

(ا) مسجد حرام اور مشاعر مقدسہ میں خادم حرمین شریفین کا توسیعی کام

تین لاکھ نو ہزار میٹر مربع علاقہ کو محیط ہے۔ خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز وفقہ اللہ کے ہاتھوں حرم مکّی کا یہ توسیعی کام تاریخ کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔

علاوہ ازیں ترمیم وتزیین کا کام جو سارے حرم کو شامل ہے بشمول کعبہ مشرفہ کے جس کی تزیین کاری بیان سے باہر ہے اور اپنے حسن اور مقام ومرتبت کے اعتبار سے بہت مناسب ہے، اس کے علاوہ سارے مشاعر بشمول مکہ، منیٰ، مزدلفہ، اور عرفات میں اسی قسم کے کاموں کا سلسلہ جاری ہے، چنانچہ مسجد نمرہ میں پانچ گنا اضافہ کردیا گیا، جمرات کے علاقہ کی توسیع، منٰی کے علاقہ کی ہمواری کا کام، اسی طرح آس پاس کے علاقے اور منٰی تک لیجانے والے راستوں کی درستگی کا کام جو نہ صرف حجاج کرام کے لئے سہولت بخش بلکہ ان کے اتنے بڑے اجتماع میں اپنی نوعیت کا منفرد اور بے نظیر اجتماع ہوتا ہے، بڑا ممد ومعاون ہے، مناسک حج کی بہ آسانی ادائیگی کے لئے ان کاموں کو انجام دیا گیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(ب) مسجد نبوی میں خادم حرمین شریفین کا توسیعی کام

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم - والحمد للہ رب العالمین

ہم اللہ تعالٰی کی حمد بیان کرتے ہیں کہ اس نے ہم پر یہ احسان فرمایا کہ ہمیں رب العالمین نے اس عظیم المرتبت کام کرنے کے قابل بنایا جس کی انجام دہی پر ہم اللہ کی خوشنودی کی امید کرتے ہیں اور یہ کہ وہ اس کام کو ان کاموں میں شمار فرمائے جنھیں وہ قبولیت کا شرف بخشتا ہے۔

فہد بن عبدالعزیز آل سعود

۱۴۱۳/۶/۱ھ

اس طرح خادم حرمین شریفین کے ہاتھ نے مسجد نبوی کے توسیعی کام کے آخری مینار پر مذکورہ بالا عبارت کو تحریر کیا جو کہ مہبط وحی اور ماؤی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں واقع ہے اور یہ بابرکت شہر جامہ ء توسیع زیب تن کئے ہوئے ہے جو حج کے سیزن کے وقت ایک ملین نمازیوں کی گنجائش رکھتا ہے، مزید برآں کہ یہ توسیع منفرد طرز کی تعمیر ہے جو مکمل ضروریات سے لیس ہے جس میں جدید فنی اصول کو بروئے کار لاکر نہ صرف متحرک چھتوں سے آراستہ کیا گیا ہے بلکہ لطیف ہوا اور ائرکنڈیشننگ کے نظام سے بھی آراستہ کیا گیا ہے۔ اور یہ کام دنیا کے سب سے بڑے کاموں میں سے ایک ہے چنانچہ ٹھنڈے پانی کی لائنیں سات کیلومیٹر کے فاصلہ تک گذرتی ہوئی مرکزی اسٹیشن سے جاملتی ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اس کے علاوہ سیکورٹی اور تنبیہی نظام اس زبردست پروجیکٹ کا حصہ ہیں، خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز کا یہ اہتمام صرف مسجد نبوی میں محدود نہیں ہے بلکہ مدینہ منورہ کی ۲۴۰۰ مسجدوں کو شامل ہے. جہاں نہ صرف توسیع کا کام کیا گیا بلکہ ان کے فرش کے ساتھ ساتھ تجدید و تزیین کا کام بھی کیا گیا۔ مسجد قبا، مسجد میقات، مسجد قبلتین، اور مسجد جمعہ، اور دیگر مساجد خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مختصر احکام برائے حج و عمرہ

مسلمان حج و عمرہ کس طرح ادا کریں:

ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ یہ کوشش کرے کہ اس کی تمام عبادتیں جن میں حج کے اعمال بھی شامل ہیں، کی ادائیگی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق ہوں تاکہ اسے اللہ رب العزت کی محبت نصیب ہو اور وہ اللہ کے ہاں مغفرت کا مستحق قرار پائے جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے :

"قل إن كنتم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله ويغفر لكم ذنوبكم"

اے پیغمبر ان سے کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ کی محبت کا حصول چاہتے ہو تو میری اطاعت کرو۔ اللہ تعالی تم سے محبت کرے گا اور تمہیں تمہارے گناہوں سے بخش دے گا۔

حج کی اقسام میں سے افضل ترین قسم "حج تمتع" ہے بشرطیکہ وہ اپنے ہمراہ قربانی نہ لایا ہو کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو تمتع کا ہی حکم دیا تھا اور اس کی تاکید بھی کی تھی۔ اور فرمایا تھا کہ جو بات مجھے بعد میں معلوم ہوئی اگر مجھے اس بات کا پہلے سے علم ہوتا تو اپنے حج کی قربانی نہ لاتا اور آج تمہارے ساتھ اپنے بال کٹوا کر حلال ہوجاتا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حج تمتع :

حج تمتع یہ ہے کہ حاجی حج کے مہینوں میں عمرہ ادا کرے اور بال کٹوا کر احرام کھول دے اور پھر اسی سال حج کے لئے احرام باندھے اور حج کرے۔

عمرے کا طریقہ :

احرام باندھنے والے کے لئے سنت ہے کہ وہ ناخن اور زائد بال کٹوائے جن کا کٹوانا شریعت میں جائز ہے۔ اور پھر اسی طرح غسل کرے جیسا کہ جنابت سے غسل کیا جاتا ہے، اسی طرح مردوں کے لئے یہ واجب ہے کہ سلے ہوئے تمام کپڑے اتار کر چادریں زیب تن کریں۔ احرام کے لئے سنت ہے کہ یہ دو صاف ستھری چادروں پر مشتمل ہو جس میں سے ایک بطور تہ بند استعمال کیا جائے اور دوسری کو بدن پر اوڑھ لیا جائے۔ جب کہ عورتیں جو کپڑے پہننا چاہیں پہن لیں لیکن خیال رہے کہ ایسے کپڑے نہ ہوں جن سے مردوں کی مشابہت ہوتی ہو یا ایسے بھڑکیلے کپڑے جو کسی فتنہ کا باعث بنتے ہوں۔
پھر مرد اور عورتیں تلبیہ پڑھیں یعنی :

تلبیہ

" لبیک اللھم لبیک،لبیک لاشریک لک لبیک، إن الحمد والنعمة لک والملک لاشریک لک "

میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں، میں خالص تیرے ہی لئے حاضر ہوا ہوں بے شک تعریفیں اور نعمتیں اور بادشاہی تیری ہی ہے اور تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۱ - لبیک کے معنی یہ ہیں کہ اے اللہ تونے ہمیں حج اور عمرہ کرنے کا حکم دیا ہے اور میں تیری یہ دعوت قبول کرتے ہوئے تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں۔

۲ - جب محرم مکہ پہنچے تو بیت اللہ کے گرد سات چکر لگائے یہ چکر حجر اسود سے شروع کرے اور اسی پر ختم کرے طواف میں "اضطباع" سنت ہے یعنی چادر کے ایک پلو کو دائیں کندھے اور بازو کے نیچے سے لاکر بائیں کندھے پر ڈال دیں۔ اسی طرح "رمل" بھی پہلے تین چکروں میں سنت ہے۔ یعنی اکڑ کر چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتے ہوئے تیز تیز چلنا۔ طواف سے فارغ ہوکر مقام ابراھیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھنا سنت ہے۔ اگر وہاں مناسب جگہ نہ ملے تو مسجد کے کسی بھی حصے میں پڑھ سکتا ہے۔ اور یہ بھی سنت ہے کہ پہلی رکعت میں

" قل یا أیها الکافرون "

اور دوسری رکعت میں " قل هو الله أحد" سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے۔

۳ - دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد صفا پر پہنچے اور صفا ومروہ کے درمیان عمرہ کی سعی کرے۔ جب کہ سعی صفا سے شروع ہوگی اور مروہ پر ختم ہوگی۔

۴ - سعی مکمل کرنے کے بعد اپنے سر کے بال کٹوائیں یا منڈوائیں اور منڈوانا افضل ہے، اس طرح آپ کا عمرہ مکمل ہوجائے گا اب آپ احرام کھول سکتے ہیں اور وہ تمام چیزیں بھی اب آپ کے لئے جائز ہوں گی جو احرام کی حالت میں آپ کے لئے ناجائز تھیں۔

حج کا طریقہ :

۱ - آٹھ ذی الحجہ کو حاجی اپنے مکان سے ہی جہاں پہ وہ قیام پذیر ہے، غسل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کر کے احرام باندھے اور حج کے لئے تلبیہ پڑھے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

" لبیک حجا"

" لبیک اللھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک، ان الحمد والنعمة لک والملک لاشریک لک "

۲ - پھر منیٰ کی طرف روانہ ہوجائے اور وہاں ظہر، عصر، مغرب، عشاء، اور فجر کی نماز اپنے وقت پر قصر پڑھے اس طرح سے کہ چار رکعت والی کو دو رکعت رکعت ادا کرے۔

۳ - ۹ ذی الحجہ کو سورج نکلنے کے بعد عرفات کو روانہ ہوجائے اور وہاں پر ظہر اور عصر دو دو رکعت جمع کر کے نماز ادا کرے۔ یعنی عصر کی دو رکعتیں ظہر ہی کے وقت میں ادا کی جائیں۔ پھر سورج غروب ہونے تک عرفات کی حدود کے اندر ہی قیام کرے اور قبلہ رخ ہوکر دعا کرے اور زیادہ سے زیادہ ذکر کرتا رہے۔ اور پہاڑ پر چڑھنا نہ تو سنت ہے اور نہ ہی ضروری ہے اور نہ ہی اس طرف رخ کرنا چاہئے۔ ہاں اگر آپ اس کے پیچھے ہوں اور وہ قبلہ کی جانب ہو کوئی حرج نہیں۔

۴ - جب سورج غروب ہوچکے تو عرفات سے مزدلفہ کی طرف روانہ ہوجائے۔ مغرب اور عشاء کی نماز جمع کر کے ادا کرے۔ البتہ عشاء کی نماز دو رکعت ادا کی جائے گی اور رات مزدلفہ میں بسر کی جائے اور فجر کی نماز اس کے اول وقت میں ادا کی جائے۔ اس کے بعد دعا اور ذکر میں مصروف رہے یہاں تک کہ روشنی خوب پھیل جائے۔ اور سورج نکلنے سے پہلے ہی منیٰ کی طرف روانہ ہوجائے اور تلبیہ پڑھتا رہے اور یہ بھی سنت ہے کہ صرف سات کنکریاں مزدلفہ سے ساتھ لے لے اور اگر کوئی کمزور یا بیمار شخص ہو تو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اس کے لئے اجازت ہے کہ وہ رات کے آخری حصہ میں منی روانہ ہوجائے تاکہ لوگوں کے ہجوم سے پہلے ہی جمرہ عقبہ کو کنکریاں مار سکے۔

۵ - منٰی پہنچنے کے بعد مندرجہ ذیل اعمال کئے جائیں :

ا - جمرہ عقبہ جو مکے کی جانب ہے اسے ایک ایک کرکے سات کنکریاں مارے اور ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہے۔

ب - جس پر حج کی قربانی کرنا واجب ہو وہ اپنی قربانی کرے اور اس میں سے خود بھی کھائے اور فقراء میں بھی تقسیم کرے۔ قربانی کرنا حج تمتع اور قران میں واجب ہے۔

ج - سر کے بال منڈوائے یا کٹوائے اور مردوں کے لئے سر منڈوانا افضل ہے جبکہ عورتیں اپنی چوٹیوں کے آخری حصہ سے ایک پورے کے برابر بال تراش لیں۔

تین چیزوں میں ترتیب مسنون ہے۔ پہلے جمرہ عقبہ کو مارا جائے پھر قربانی کی جائے اور اس کے بعد بال منڈوائے جائیں بشرطیکہ یہ ترتیب آسانی سے برقرار رکھی جاسکے۔ اگر ترتیب برقرار نہ رکھی جاسکے تب بھی رمی کے بعد آپ اپنے بال کٹوا کر یا منڈوا کر احرام کھول سکتے ہیں۔ اسے تحلل اول کہتے ہیں لیکن عورتوں کے نزدیک ہونا اب بھی ممنوع ہے۔ عورتوں سے قربت کے علاوہ تمام وہ چیزیں جائز ہوجائیں گی جو احرام کی وجہ سے اس پر حرام تھیں۔

٦ - اب مکہ روانہ ہو اور طواف زیارت یا طواف افاضہ یعنی حج کا طواف کرے اور صفا ومروہ کے درمیان سعی کرے اگر حج تمتع کررہا ہو اور اگر حج قران یا افراد کی نیت سے ہو اور عمرے میں سعی کرچکا ہو تو اسے اب سعی کی ضرورت نہیں ہے۔ بصورت دیگر اسے سعی کرنا ہوگی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۷ - پھر طواف وسعی کے بعد دوبارہ منیٰ لوٹ آئے اور گیارہویں اور بارہویں رات وہاں گذارے۔

۸ - پھر گیارہ اور بارہ تاریخ کو زوال کے بعد تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں مارے اس طرح کہ چھوٹے سے شروع کرے اور پھر درمیانے کو اور آخر میں جمرہ عقبی کو مارے۔ اور ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہے۔ چھوٹے اور درمیانے جمرہ کو مارنے کے بعد قبلہ رخ کھڑے ہوکر اللہ تعالیٰ سے دعاء مانگی جائے۔ اور یہ یاد رہے کہ گیارہ اور بارہ تاریخ کو رمی زوال (یعنی ظہر کی اذان) سے پہلے جائز نہیں۔

۹ - بارہ تاریخ کی رمی کے بعد اگر جانا چاہے تو حاجی کو اس کی اجازت ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے ہی منی کی حدود چھوڑدے۔ اور اگر چاہے تو منیٰ ہی میں رہے اور ٹھہرنا بہتر ہے اور تیرہ تاریخ کو زوال کے بعد رمی کرکے وہاں سے روانہ ہوجائے۔

۱۰ - جب وطن واپسی کا ارادہ ہو تو طواف وداع یعنی رخصتی کا طواف کریں۔ جس میں بیت اللہ کے سات چکر لگائے جائیں اور دو رکعت نماز پڑھی جائے۔ البتہ وہ عورت جسے ماہ واری یا ولادت کی وجہ سے خون آرہا ہو اس پر طواف وداع ضروری نہیں۔

حج کی اقسام:

حج کی تین اقسام ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں۔

۱ - حج تمتع ۲ - حج افراد ۳ - حج قران۔ ان میں سے تمتع افضل ہے کیونکہ صحیح

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

احادیث سے یہی معلوم ہوتا ہے۔

۱۔ حج تمتع : حج تمتع کا طریقہ ہم اوپر تفصیل سے بیان کر چکے۔

۲۔ حج افراد : حج افراد میں حاجی حج کے لئے احرام باندھے اور آٹھ ذی الحجہ تک اسی احرام میں رہے۔ اور دیگر حجاج کے ساتھ منیٰ روانہ ہو اور حج کے دیگر اعمال ادا کرے۔

۳۔ حج قران : حج قران یہ ہے کہ حاجی عمرے اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھے اور حج تک اسی احرام میں رہے۔ قران اور مفرد کے احکام ایک ہی ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ مقرن پر حج کی قربانی واجب ہوتی ہے جبکہ مفرد کے لئے حج کی قربانی نہیں ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

زیارت مسجد نبوی

۱ - حج سے پہلے یا بعد مسجد نبوی کی نیت سے مدینہ منورہ جایا جاسکتا ہے کیونکہ مسجد نبوی میں ایک نماز ادا کرنا مسجد حرام کے علاوہ دیگر مساجد میں ایک ہزار نمازیں ادا کرنے کے برابر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ زیارت مسجد نبوی کو حج کا حصہ گردانا جائے۔

۲ - مسجد نبوی پہنچنے پر دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کی جائے۔ اور اگر فرض نماز کی تکبیر ہوچکی ہو تو پھر فرض نماز ہی ادا کی جائے۔

۳ - مردوں کے لئے جائز ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے سامنے کھڑے ہوکر آپ پر درود وسلام پڑھیں جس کے الفاظ یوں ہیں :

" السلام علیک أیھا النبی ورحمة اللہ وبرکاته صلی اللہ علیک وجزاک عن أمتک خیراً"

اور اس کے بعد آپ کے ساتھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سلام پڑھیں اور آپ کے دوسرے ساتھی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ پر سلام بھیجیں۔

۴ - اسی طرح مسجد قبا کو جانا اور وہاں نماز پڑھنا بھی مسنون ہے۔

۵ - جنت البقیع جانا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور دیگر مسلمانوں کی قبروں پر سلام کہنا بھی مسنون ہے۔

۶ - مردوں کے لئے شہدائے غزوہ احد کی قبروں کی زیارت اور ان صحابہ کرام پر سلام پیش کرنا بھی سنت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بعض دعائیں اور اذکار مسنونہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
سب سے بہترین دعا عرفات کے دن کی دعا ہے اور سب میں بہترین بات جو میں نے اور مجھ سے پچھلے انبیاء نے کہی ہے :

" لاالٰه الا اللّٰه وحده لاشريک له له الملک وله الحمد يحيي ويميت وهو علیٰ کل شیء قدير"

" نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے، اس کے ساتھ کوئی شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں، وہی جلاتا ہے وہی مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے" ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا :

اللہ تعالیٰ کو پسند ترین باتیں چار ہیں :

"سبحان اللّٰه والحمد لله ولاالٰه الا اللّٰه واللّٰه اکبر"

"پاک ہے اللہ کی ذات اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے"

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دو کلمے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں اور ترازو میں وزنی ہین اور رحمٰن کے نزدیک پسندیدہ ہیں"

"سبحان اللّٰه وبحمده سبحان اللّٰه العظيم"

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

"پاک ہے اللہ کی ذات اپنی تعریفوں کے ساتھ، پاک ہے اللہ کی ذات جو کہ بڑا ہے"

(اس کو بخاری نے روایت کیا ہے)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکلیف کے وقت یہ کہا کرتے تھے :

